عرفان شریعت
کامل سہ حصص
مؤلفہ مجدد مائۃ حاضرہ حضرت شاہ احمد رضا خاں صاحب بریلوی قدس سرہ
سنی دار الاشاعت علویہ رضویہ
ڈجکوٹ روڈ
لائل پور

مَن یُّرِدِ اللہُ بِہٖ خَیرًا یُّفَقِّھْہُ فِی الدِّین

الحمد للہ

کہ مجموعہ مبارکہ جامع مسائل ضروریہ حاوی احکام شرعیہ معدن نکات لطیفہ

مخزن اسرار عجیبہ

یعنی

بعض فتاوے حضور پرنور اعلیحضرت مجدد مائۃ حاضرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ

مُسمّٰی بہ

عرفان شریعت

حصہ اوّل و دوم و سوم

جنکو مولوی محمد عرفان علی صاحب قادری رضوی بیسلپوری نے جمع کیا۔

الناشر سُنّی دارالاشاعت علویہ رضویہ ڈجکوٹ [illegible]

قیمت ۲/۵۰

برا سمجھ کر نہ لیں تو گنہگار ہوں گے یا نہ۔ شہر بریلی میں بیل کی قربانی ہوتی ہے یا نہیں۔ عمرو کہتا ہے کہ اسی برس سے دیکھتا ہوں کہ بریلی میں بیل کی قربانی نہیں ہوتی ہے اسکا کہنا غلط ہے یا صحیح۔

الجواب: بیل بھینسہ کی قربانی بلا شبہ جائز ہے اس میں اصلاً کراہت نہیں۔ زید کا کہنا غلط ہے مگر اس کے کہنے سے ایمان میں کچھ فرق نہیں آتا۔ عالمگیری میں ہے یکون من الاجناس الثلثۃ الغنم والابل والبقر ویدخل فی کل جنس نوعہ والذکر والانثی معہ والجاموس نوع من البقر۔ محلہ والے اگر بھینسے کا گوشت کہ سخت ہوتا ہے پسند نہ کریں اس وجہ سے نہ لیا تو برا کیا کہ مسلمان کی دل شکنی کی رسول اللہ صلی اللہ تعالے علیہ وسلم فرماتے ہیں لاتحقرن معروفا اور اگر اس خیال سے نہ لیا کہ وہ بھینسے کی قربانی ناجائز جانتے ہیں تو سخت جہالت میں ہیں انہیں حکم شرع تعلیم کیا جائے۔ بیل کی قربانی لوگ اس خیال سے نہیں کرتے کہ وہ گائے سے زیادہ قیمتی ہوتا ہے اور گائے کا گوشت بھی بیل سے بہتر ہوتا ہے اسی واسطے شرعاً بھی گائے کی قربانی بیل سے افضل ہے جبکہ قیمت میں یکساں ہو عالمگیری میں ہے الانثی من البقر افضل من الذکر اذا استویا لان لحم الانثی اطیب کذا فی فتاوی قاضی خاں واللہ تعالے اعلم۔

مسئلہ ۶۷: تعزیہ بنانا سنت ہے جسکا یہ عقیدہ ہو یا قرآن شریف کی کسی آیت یا حدیث سے سند پکڑے ایسا شخص علماء اہلسنت والجماعت کے نزدیک خارج از اسلام تو نہ سمجھا جائے گا اس پر کفر کا اطلاق جائز ہے یا نہیں اور یہ کیسے شروع ہوا ہے اگر سامنے آجاوے بہ نظر تحقیر یا تعظیم سے دیکھنا چاہیئے یا نہیں

الجواب: وہ جاہل خطاوار مجرم ہے مگر کافر نہ کہیں گے۔ تعزیہ آتا دیکھ کر اعراض و روگردانی کریں اسکی جانب دیکھنا ہی نہ چاہیئے اسکی ابتدا سنا جاتا ہے کہ امیر تیمور بادشاہ دہلی کے وقت سے ہوئی۔ واللہ تعالے اعلم۔

مسئلہ ۶۸: حضرت سکینہ بنت امام حسین رضی اللہ تعالے عنہ کا نکاح مصعب بن زبیر اور ان کے بعد کس کس کے ساتھ ہوا

الجواب: متعدد نکاح ہوئے جنکی تفصیل نور الابصار وغیرہ کتب سیر میں ہے۔ واللہ تعالے اعلم۔

مسئلہ ۶۹: کیا مثنوی شریف میں کوئی شعر ایسا ہے جس سے معلوم ہو کہ تین دن تک لاش حضور سرور کائنات صلے اللہ تعالے علیہ وسلم بے تجہیز و تکفین رکھی رہی جسکا یہ عقیدہ ہو اس کو کافر سمجھیں یا مسلمان۔

الجواب: یہ محض جھوٹ ہے۔ مثنوی شریف میں ایسا کوئی شعر نہیں یہ ناپاک خیال رافضیوں کا ہے ایسا

شخص بددین ہے مگر کافر نہ کہیں گے۔ ہاں اگر حضور اقدس صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی توہین شان کریم کے لئے ایسا بکتا ہے تو کافر و مرتد ہے۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

مسئلہ ۷۰: محرم شریف میں مرثیہ خوانی میں شرکت جائز ہے یا نہیں۔

الجواب: ناجائز ہے کہ وہ مناہی و منکرات سے مملو ہوتے ہیں۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

مسئلہ ۷۱: مسلمانوں کو خدا کا دیدار نصیب ہو گا یا نہیں جسکا یہ اعتقاد ہو اسکو کیا کہیں۔

الجواب: اہلسنت کا اعتقاد ہے کہ بیشک اللہ سبحانہ و تعالےٰ مسلمانوں کو اپنا دیدار کریم آخرت میں نصیب فرمائیگا اسکا منکر گمراہ بددین ہے۔ واللہ تعالےٰ اعلم

مسئلہ ۷۲: زید مقتدی ہے۔ بکر امام۔ مغرب کی نماز ہو رہی ہے۔ درمیانی قعدہ میں بکر نے التحیات پڑھ کر اللہ اکبر کہا اور کھڑا ہو گیا مگر زید نے ابھی پوری التحیات نہیں پڑھی ہے پس زید کو التحیات پوری کر کے کھڑا ہونا چاہیئے یا امام کے ساتھ کھڑا ہو جانا چاہیئے۔ بر تقدیر ثانی اگر زید التحیات پوری کر کے کھڑا ہوا تو وہ اتباع امام سے باہر ہوا یا نہیں۔ اور اس پر کچھ الزام ہے یا نہیں اور اسکی نماز ہوئی یا نہیں۔ بینوا و توجروا۔

الجواب: صورت مسئولہ میں زید پر واجب ہے کہ التحیات پوری ہی کر کے اٹھے اسی میں امام کا اتباع ہے اگر اسکا خلاف کرے گا اور بغیر التحیات پوری کئے امام کے ساتھ کھڑا ہو جائے گا تو اتباع امام سے باہر ہوگا اور گنہگار ہوگا اور نماز ناقص ہوگی۔ امام نے تو التحیات پوری پڑھی اور یہ پڑھے کم تو اتباع کہاں ہوا۔ رہا قیام اس میں اتباع ہو جائے گا اگرچہ بتاخیر کہ اتباع میں یہ بھی داخل ہے کہ امام کے فعل کے بعد اسکا فعل واقع ہو یہاں تک کہ اگر کوئی شخص التحیات میں آکر شریک ہوا اور یہ بیٹھا ہی تھا کہ امام کھڑا ہو گیا تو اسے واجب ہے کہ پوری التحیات پڑھ کر کھڑا ہو اگرچہ امام اتنی دیر میں تیسری رکعت کا قیام ختم کر کے رکوع میں چلا جائے یہ التحیات پوری کر کے کھڑا ہو اور بقدر ایک تسبیح کے دیر کر کے رکوع میں سجود میں سلام تک کہیں جا ملے اور بالفرض کہیں نہ پا سکے تو حرج نہیں۔ امام کے فعل کے بعد اس کا ہر فعل ہوتا رہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

مسئلہ ۷۳: زید صبح کو ایسے تنگ وقت میں سو کر اٹھا کہ صرف وضو کر کے نماز ادا کر کے نماز فجر ادا کر سکتا ہے مگر اسکو غسل کی حاجت ہے پس غسل کر کے فجر ادا کرنا چاہیئے یا وقت ختم ہو جانے کے خیال سے غسل کا تیمم کرے اور وضو کر کے نماز فجر ادا کرے اور بعدہٗ غسل کر کے نماز فجر کا اعادہ کرے۔ بینوا توجروا

الجواب: تیمم کر کے نماز وقت میں پڑھ لے بعد کو نہا کر اعادہ کرے یہ بہتر ہے۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔